سوال

بیوی کا شوہر پر زنا کا الزام لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک بیوی اپنے شوہر پر زنا کا الزام لگاتی ہے، جبکہ شوہر اس سے انکاری ہے، قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیوی کو چاہئے کہ اگر اس کے پاس چار گواہ موجود نہیں ہیں تو خاموش ہوجائے۔ اور اگر اپنے خاوند کے ساتھ گزارہ کر سکتی ہے تو کر لے، ورنہ طلاق لے لے۔ اب یہاں اسلامی حکومت تو ہے نہیں جو اس کو زنا کی سزا دے سکے، دوسری بات یہ ہے کہ یہ خاوند کا گناہ ہے، اس کا بیوی کے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لیکن بیوی کو چاہئیے کہ وہ اپنے خاوند کو اللہ کا خوف دلاتی رہے اور اسے توبہ کرنے پر قائل کرے۔ بے شک اللہ تعالی معاف کرنے والے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ